# روح اخبار

(از آزاد علوی اعظمی)

— اچھوتوں میں تبلیغ اسلام کے متعلق علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال کو شیخ جامعہ ازہر مصر کا ایک مکتوب موصول ہوا ہے۔ جس میں شیخ موصوف تحریر فرماتے ہیں کہ "البلاغ" کے ایک مقالہ کے ذریعے ہمیں اچھوتوں کے تبدیلِ مذہب کا حال معلوم ہوا۔ جامعہ ازہر بھی اس سچے جہاد میں شریک ہونا چاہتا ہے اسلئے اگر آپ مناسب سمجھیں تو جامعہ ازہر سے مبلغین کا ایک وفد ہندوستان روانہ کیا جائے۔ جو اچھوتوں کو اسلام کے حقائق و معارف مواخاۃ و مساوات سے آگاہ کرے۔

— وزارت خارجہ فرانس اور شامی و لبنانی وفد کے مابین ایک مجوزہ معاہدہ پر گفتگو ہوئی۔ شام اور لبنان کو ایک معاہدہ کے ذریعہ متحد کر دیا گیا ہے اور دونوں ممالک کی آزادی کا اعلان کر دیا گیا ہے اس معاہدے کی رو سے یہ طے پایا ہے کہ انتدابی حکومت ختم کر دی جائیگی اور دونوں جگہ آزاد حکومت قائم کی جائیگی جیسا کہ عراق میں ہے نیز شام اور لبنان کو اجازت دی گئی ہے کہ ماہ ستمبر سے جمعیۃ اقوام کے ممبر ہو سکتے ہیں۔

— استنبول میں جبریہ تعلیم کا قانون نافذ ہے محکمہ تعلیمات نے ایک رواۓداد شائع کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ استنبول میں ۹۲ فیصدی لڑکے مدرسہ میں داخل ہوکر تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

— سعد زاغلول پاشا مصر کے مشہور حریت پرست لیڈر کا تابوت شافعی مقبرہ سے مرحوم کی مستقل آرامگاہ مقبرہ شارع فلکی میں نہایت ہی شان و شوکت کے ساتھ منتقل کر دیا گیا ہے۔ جنازہ کو منتقل کئے جانے اور جدید مقبرہ میں رکھنے کے وقت احتراماً سترہ توپوں کی سلامی دی گئی۔

— شام کے اسلامی اور سیاسی حلقوں میں فلسطین کے مظلوموں سے خاص طور پر ہمدردی کا اظہار کیا جا رہا ہے ہر ملک میں مظلومین کی امداد کیلئے کمیٹیاں قائم کی گئیں ہیں۔ سرمایہ جمع کیا جا رہا ہے اور یہ یقین کیا جاتا ہے کہ شام اسلامی ہمدردی کے اعلیٰ جذبات کے اعتبار سے اپنا مکمل حصہ ادا کریگا۔

— مسلمانان الجزائر نے حال ہی میں ایک کانفرنس منعقد کی جس میں الجزائر کے مختلف اضلاع سے مسلمان بڑی تعداد میں شریک ہوئے کانفرنس مذکور نے حکومت کے خلاف کئی احتجاجی ریزولیوشن پاس کئے اور مسلمانانِ الجزائر کو فرانس کی پارلیمنٹ میں خاص طور پر نمائندگی کا حق دیئے جانے۔ حکومت کو کسی قسم کے مذہبی کاموں میں مداخلت نہ کرنے۔ عربی زبان کی تحریر کو سرکاری زبان تسلیم کئے جانے اور الجزائر کی تمام مسجدوں کے ماتحت دینی مدارس قائم کئے جانے کے مطالبات پیش کئے گئے اور متفقہ طور پر پاس ہو گئے۔

نوٹ:۔ دفتری امور کے متعلق خط و کتابت کے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ تعمیل ناممکن ہے

جناب شیخ عطاء الرحمٰن صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دارالحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا